سوال

(517)مرتھن ارض مرہونہ سے فائدہ اٹھانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مرتھن ارض مرہونہ سے فائدہ حاصل کر سکتا ہے یا کہ نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سواری اور لویری مرہون ہوں توان سے سواری اور دودھ والافائدہ اٹھانا بعوض خرچہ کا تو نص میں ذکر موجود ہے ''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: گروی جانور پر اس کے خرچ کے بدل سواری کی جائے اسی طرح دودھ والے جانور کا جب وہ گروی ہو تو خرچ کے بدل اس کا دودھ پیا جائے اور جو کوئی سواری کرے یا دودھ پیے وہی اس کا خرچ اُٹھائے۔''(بخاری۔ کتاب الرھن۔ باب الرہن مرکوب و محلوب) ان کے علاوہ اشیاء مرہونہ سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے بشرطیکہ وہ فائدہ سود نہ بنے زمین مرہون ہو تو اس کا بھی یہی حکم ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

خرید و فروخت کے مسائل ج1ص 357

محدث فتویٰ